قیمت ۲۰ سینٹ ● شمالی امریکہ کا واحد اردو اخبار جس نے ادبی ایڈیشن کا سلسلہ جاری کیا ● قائم شدہ ۱۹۸۰ء

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو ● کہ قرآن میں آیا ہے لا تقنطوا

THE MESSENGER

پندرہ روزہ

پیغامبر

اسکاربرو کینیڈا

جلد ۳	مولانا محمد علی جوہر نمبر	شمارہ ۱۶

ہم سب پاکستانی ہیں

اور قائد اعظم نے فرمایا "اب ہم سب پاکستانی ہیں۔ نہ بلوچی نہ پٹھان نہ سندھی نہ بنگالی نہ پنجابی۔ ہمیں پاکستانی اور صرف پاکستانی کہلوانے پر فخر ہونا چاہیئے"

(کوئٹہ ۱۵ جون ۱۹۴۸ء)



ہندوستان کے آئینی مسئلہ کا حل سوائے تقسیم کے کچھ اور نہ تھا۔ متحدہ ہندوستان کا تخیل ہرگز قابلِ عمل نہ ہوتا اور میری رائے میں وہ ہمیں زبردست تباہی کی طرف لے جاتا۔ (خطبہ صدارت مجلس دستور ساز ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء)

مولانا محمد علی جوہر [illegible]

تاریخ کا ایک ورق

شہریار قدوسی

اسلام میں بادشاہ اور رعایا برابر ہیں

دنیا کے تمام مذاہب میں اسلام ہی وہ واحد اور کامل مذہب ہے۔ جو انسان کی فطرت کے عین مطابق ہے جو انسان کو معراج انسانیت پہ فائز کر کے ایک پاکیزہ، متمدن اور پرسکون معاشرہ قائم کرتا ہے اللہ تعالٰی نے اپنی کتاب قرآن حکیم اور نبی کریم محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے انسان کو ایک ایسا جامع اور کامل طرز حیات قیامت تک کے لئے عنایت کر دیا ہے کہ اس میں تمام انسانی قدروں اور ضرورتوں کا ایک معیار مقرر کر دیا ہے۔

دین اسلام میں عدل و انصاف کا تصور اس قدر واضح ہے کہ تاریخ اسلام عدل و انصاف کی ہزاروں حسین ترین داستانوں سے بھری ہے دنیا کے بعض بڑے بڑے مذاہب تک میں عدل اور انصاف کے سلسلے میں امیر، غریب، رعایا اور حاکم کے فرق کو روا رکھا گیا ہے۔ مقتدر لوگ قانون کی زد سے باہر اور کم تر بے قصور ہونے کے باوجود سزاؤں کی زد میں رہتے ہیں۔ لیکن اسلامی قوانین کی رو سے کوئی بھی فرد خواہ وہ کسی بھی درجے کا کیوں نہ ہو۔ عدل و انصاف کی راہ میں نہ حائل ہو سکتا ہے نہ اسے قانون سے بالاتر رکھا گیا ہے۔ اسلام کی نگاہ میں مجرم بیٹا یا باپ کے منصب کی بدولت سزا سے نہیں بچ سکتا۔ یہی وہ معیار عدل و انصاف ہے جس پر صرف اور صرف اسلام ہی فخر کر سکتا ہے۔

الٹ دیجئے اسلام کا ایک ایک روشن ورق کھول کر اس کا مطالعہ کیجئے قبیلہ مخزوم کی ایک عورت فاطمہ چوری کی مجرم ہے۔ معاملہ دربار رسالت مآب میں پیش ہے۔ قبیلہ مخزوم کے معزز افراد کے اصرار پر حضرت اسامہؓ حضور رسالت مآب سے سفارش فرما رہے ہیں اور زبان رحمت ترجمان سے عدل و انصاف کا ایک دائمی معیار مقرر فرمایا جا رہا ہے کہ اے اسامہؓ اگر فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی فعل کی مرتکب ہوتیں تو ان کے بھی ہاتھ کاٹ دیئے جاتے۔

ایک اور ورق پلٹئے سیدنا صدیق اکبرؓ مسند خلافت پر تشریف رکھنے کے بعد اپنے پہلے ہی خطبے میں وہ کلمات ارشاد فرما رہے ہیں۔ جو عدل و انصاف کی آواز بن کر ایوان عدل و انصاف میں آج تک گونج رہے ہیں۔ "اے لوگو تم میں سے ہر کمزور شخص میرے نزدیک طاقتور ہے کیونکہ میں اس کا حق اسے دلواؤں گا۔ اور تم میں سے طاقتور شخص میرے نزدیک کمزور ہے کیونکہ میں اس سے دوسروں کا حق وصول کروں گا۔"

ایک اور ورق پلٹئے۔ زید بن ثابتؓ کی عدالت میں ابی ابن کعبؓ نے خلیفۂ وقت عمر فاروق اعظمؓ کو بلایا۔ حضرت عمرؓ کی آمد پر قاضی احترام کی خاطر اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ انصاف کو مجروح ہوتا دیکھ کر فرماتے ہیں "قاضی تم نے انصاف پر پہلی ضرب لگائی ہے کہ مدعی کو اس سلوک سے محروم کر کے میرے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا۔ تم اس منصب کے اہل نہیں ہو۔"

ایک اور ورق پلٹئے حج کے موقع پر ایک نو مسلم غسانی حکمران جبلہ کی چادر طواف کے دوران زمین پر گھسٹتی چلی آ رہی ہے کہ ایک بدو کا پیر اس چادر پر پڑ جانے سے جبلہ طیش میں آ کر اس کے منہ پر طمانچہ کھینچ مارتا ہے۔ معاملہ حضرت عمر ابن خطابؓ کی عدالت میں پیش ہے

جبلہ کی آواز گونج رہی ہے کیا اسلام میں کسی شہسوار کو معمولی آدمی پر فضیلت یا امتیاز نہیں ہے۔ اور حضرت عمرؓ معیار عدل و انصاف کی ایک شمع روشن کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں۔ "اسلامی قانون میں بادشاہ اور رعایا سب برابر ہیں۔"

اسلامی تاریخ میں عدل و انصاف کے ایسے ہزاروں باب روشن ہیں لیکن صرف اسلامی تاریخ کے اوراق پلٹنے سے کام نہیں چلے گا۔ اپنے ضمیر کے دریچوں کو بھی کھولئے آپ کا ضمیر آپ کی عدالت ہے۔ اسی عدالت کو توحید یا ایمان کی روشنی سے منور کیجئے اپنے ماضی کی شان و شوکت اور ہیبت و جلال کے ترانے

ضرور گنگنایئے۔ مگر اپنے حال کو سنوارنے کے لئے آپ نے کیا کیا ہے۔ آپ نے اپنے ضمیر کے دریچوں پر قفل کیوں ڈال رکھے ہیں۔ اسلاف نے ایمان و ایقان کی شمعیں تو آپ کی راہ نمائی کے لئے روشن کی تھیں

ان شمعوں کو آپ شہروں اور گلیوں میں لگی ہوئی ٹیوب لائٹوں کی طرح کیوں گل کرتے ہیں۔ اسلامی عدل کے نظام کے مطابق فرد نفاذ میں لگو بج

آپ کی بچت ——— ہماری تجارت ہے

آپ کا اطمینان ——— ہماری کامیابی ہے

INDIAN GROCERIES AND SPICES

1975 LAWRENCE AVE. EAST
SCARBOROUGH, ONTARIO, CANADA
(416) 759-7157

724 WILSON AVENUE
DOWNSVIEW, ONTARIO, CANADA
(416) 630-4335

HEAD OFFICE
WAST NORTH AVENUE
MILWAUKEE, WISCONSIN 53208
USA (414) 871-2070

WHOLESALE RETAIL IMPORTER

نئے کینیڈا سیونگ بونڈز

آپ کی سرمایہ کاری میں ایک مضبوط اور اچھی خصوصیت کے حامل۔

ہمیشہ سے لاکھوں کینیڈین کیلئے کینیڈا سیونگ بونڈز ایک قابل اعتماد سرمایہ کاری کے مخصوص ذرائع فراہم کرتے ہیں۔

اگر آپ ان خصوصیات کو سمجھ لیں تو کینیڈا سیونگ بونڈز آپ کیلئے سودمند ثابت ہو سکتے ہیں۔

بہتر معاوضہ

کینیڈا سیونگ بونڈز آپ کو بہتر معاوضہ دیتے ہیں۔ خاص طور سے اس وقت جب آپ ان کی تمام خوبیوں کی طرف توجہ دیں۔ نئے بونڈز کی تاریخ یکم نومبر ۱۹۸۰ء ہے اور ۱۹۸۷ء کے آخر میں ان کی تکمیل تک ہر سال ۱/۲ ۱۰ فیصد سود کماتے ہیں۔

اب برائے فروخت ہیں

آپ کسی بھی مقرر شدہ سیلز ایجنٹ مثلاً بنک، انوسٹمنٹ ڈیلرز، اسٹاک بروکرز یا ٹرسٹ کمپنیوں سے کینیڈا سیونگ بونڈز خرید سکتے ہیں۔ اپنا بونڈ آج ہی خریدئیے!

قابل اعتماد ضمانت

کینیڈا سیونگ بونڈز محفوظ سرمایہ کاری ہے جس کو کینیڈا کے تمام وسائل کی امداد حاصل ہے۔ کینیڈا سیونگ بونڈز خریدنے سے آپ کی رقم ہمیشہ محفوظ رہتی ہے۔

عمدہ لچک

آپ جب چاہیں اپنی مرضی سے کینیڈا سیونگ بونڈز بھنا سکتے ہیں۔ اور اگر آپ ۳۱ دسمبر ۱۹۸۰ء کے بعد بھنائیں تو آپ کو شرح سود کے مطابق پورا سود ملے گا۔ اور یکم نومبر ۱۹۸۰ء سے ہر ماہ کے اختتام پر آپ کو سود ملا کرے گا۔ (اگر آپ ۳۱ دسمبر ۱۹۸۰ء یا اس سے پہلے اپنے نئے بونڈز بھنائیں گے تو آپ کو صرف ان کی اصل رقم ملے گی)

آپ ایک سو ڈالر سے لیکر ۲۵ ہزار ڈالر تک کے نئے کینیڈا سیونگ بونڈز نقد یا آسان قسطوں پر خرید سکتے ہیں۔

کینیڈا سیونگ بونڈز آپ کو دو طرح کے بونڈز کی پیشکش کرتے ہیں ایک تو وہ جو کہ حسب معمول ہر سال یکم نومبر کو سود بذریعہ چیک ادا کرتے ہیں یا بلاواسطہ آپ کے اکاؤنٹ میں جمع کر دیتے ہیں۔

دوسرے، سود مرکب والے بونڈز جو آپ کے کمائے ہوئے سود کو دوبارہ سرمایہ کاری میں شامل کر کے سود در سود حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔

ہر سو ڈالر والے بونڈ کی قیمت سات سال میں دو سو ایک ڈالر سولہ سینٹ ہو جاتی ہے۔

۱/۲ ۱۰ فیصد

ہر سال سات سالوں تک کیلئے



ہمیشہ عمدہ!

کینیڈا

THE MESSENGER
پیغامِ بشر
اسکاربرو (کینیڈا)

پبلشر و ایڈیٹر: سہیل اختر

۸۶ء

کیا قیامت ہے کہ ہر سال میں گھر جلتا ہے

عید گاہ سے نکلے، گلے ملتے ہوئے اچانک ایک کاغذ پر نظر پڑی — ایک پمفلٹ تھا — "پاکستان کینیڈا کلچرل ایسوسی ایشن" کی طرف سے جاری کردہ —
یہ کون بیباک لوگ ہیں جن کے سینوں میں وطن کی محبت کا طوفان موجزن ہے — یہ کون عظیم ماؤں کے بیٹے ہیں جن کے سینے وطن کی جانب اٹھتے ہوئے دشمنوں کے دل سے ٹکرانے کو بیتاب ہیں۔ دیارِ غیر میں یہ کون ہیں جو وطن عزیز کی محبت سے سرشار اپنے مضبوط بازوؤں کو پھیلائے دشمنِ وطن کی موٹی گردنوں کی جانب بڑھ رہے ہیں — آفرین ہے آپ لوگوں پر کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے سچ بولنے کا حوصلہ عطا کیا ہے — قابلِ مبارک باد ہیں آپ لوگ کہ وطن عزیز کی جانب اٹھی ہوئی پتھرائی آنکھوں کی پتلیوں کو تاریک کرنے کا جذبہ آپ کا ایمان بن گیا ہے — آگے بڑھیئے — بڑھتے جائیے — دشوار گزار راستوں پر بے شمار محبِ وطن آپ کو خوش آمدید کہنے کیلئے بیتاب ہیں — ایک دوسرے کا ہاتھ مضبوطی سے تھام کر اپنے بازوؤں کو مزید مستحکم کیجئے اور — اور نیست و نابود کر دیجئے ان پراگندہ خیالات کو جو وطن عزیز کی پختہ عمارت کو شیشے کی سمجھ کر سنگ باری کرتے ہیں — مل دیجئے سیاہی — ان کے بے نور چہروں پر جن کو وطن عزیز کی مٹی نے اپنا خون دیکر پروان چڑھایا اور آج وہ مادرِ وطن کے خلاف زہر اگل رہے ہیں — لیکن ہر حال میں اپنی زبان کو قابو میں رکھیئے — بدزبانی اچھے اعمال کو بھی خراب کر دیتی ہے۔

ملتِ مرواں مدارِ خدا

گروسری، سبزیاں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
نہایت ہی سستے داموں خریدنے کیلئے
ہمارے ہاں تشریف لائیں۔

PIRRI'S Newland MARKET
VEGETABLES — FLOWERS
LEGUMES — FLEURS

PHARMACY & LAWRENCE
SCARBORO, ONTARIO
TELEPHONE
759-0473

مشعلِ ہدایت

فریدالدین گنج شکرؒ

خواجہ فریدالدین ملتان کے قریب قصبہ کوتوال میں پیدا ہوئے۔ ممالک اسلامیہ کا سفر کیا۔ ۱۲۳۹ء میں آپ نے پاک پتن کو اپنا مرکز تبلیغ بنایا۔ ۱۲۶۵ء میں وفات پائی۔

○

- طمانیت قلب چاہتے ہو تو حسد سے دور رہو۔
- خودی کی تکمیل اس عبادت سے ہوتی ہے جس میں ظاہر و باطن دونوں سربسجود ہوں۔
- وہی دل حکمت و دانش کا مخزن بن سکتا ہے جو دنیا کی محبت سے خالی ہو۔
- جسے لوگ مصیبت کہتے ہیں اسے محبوب (اللہ) کی طرف سے ایک عطیہ سمجھو، محبت کا تقاضہ یہی ہے۔
- انسان کی تکمیل تین چیزوں سے ہوتی ہے، خوف، امید اور محبت۔ خوفِ خدا گناہ سے بچاتا ہے، امید اطاعت پر آمادہ کرتی ہے اور محبت میں محبوب کی رضا کو دیکھنا پڑتا ہے۔
- درویش وہ ہے جو زبان، آنکھ اور کانوں کو بند رکھے۔ یعنی بری بات نہ سنے، نہ کہے اور نہ دیکھے۔
- جن کی آنکھ میں عشق کا سرمہ لگا ہوا ہے ان کی نظر میں عرش سے تحت الثریٰ تک کوئی حجاب نہیں رہتا۔
- دنیا کی حرص، غمِ فردا، حسد و بغض اور حبِ جاہ جس دل میں ہو وہاں حکمت قرار نہیں پکڑتی۔
- مصائب سے مت گھبرائیے کیونکہ ستارے اندھیرے ہی میں چمکتے ہیں۔
- جدوجہد نہ کرنا محتاجی کا باعث ہوتا ہے اور محتاجی دین کو تنگ، عقل کو ضعیف اور مروت کو زائل کر دیتی ہے۔
- کسی ذکر میں بجز ذکرِ خدا اور کسی خاموشی میں بجز فکر موزوں کوئی بہتر خوبی نہیں ہے۔
- خدا کا خوف بے ادب بندوں کے لئے تازیانہ ہے تاکہ وہ اس کے سبب گناہوں سے بچے رہیں اور نیک راستہ پر قائم رہیں۔
- دنیا والوں کی صحبت فقیر کے دل کو پریشان کر دیتی ہے۔

سچی باتیں

آپ کے نزدیک دنیا میں انسان کے لیے سب سے زیادہ قطعی اور یقینی شے کیا ہو؟ کیا درازیٔ عمر؟ کیا خوبیٔ صحت؟ کیا مال و دولت؟ کیا عزت و وجاہت؟ کیا کثرت اولاد و احباب؟ ان میں سے یا اس قسم کی کسی شے کا حاصل ہونا کسی انسان کے لیے بھی قطعی اور یقینی کہا جا سکتا ہے؟ ذرا بھی غور کیجئے تو آپ کا دل خود ہی یہ جواب دے گا کہ یہ تمام چیزیں محض احتمالی ہیں۔ یعنی انتہائی تدبیر و کوشش کے بعد بھی ممکن ہے ملیں اور ممکن ہے نہ ملیں۔ یقینی کسی صورت میں بھی نہیں کہی جا سکتی ہیں۔ انسان کے لیے واقعات دنیا میں یقینی شے ایک اور صرف ایک ہے اور وہ موت ہے۔ ہر انسان کو خواہ وہ بچہ ہو یا جوان، عورت ہو یا مرد، عالم ہو یا جاہل، بادشاہ ہفت اقلیم ہو یا گداۓ بے نوا، پہلوان ہو یا ناتوان، ولی کامل ہو یا کافر، جس واقعہ کے پیش آئے بغیر چارہ نہیں وہ موت اور صرف موت ہے۔

پھر کیا آپ کے نزدیک موت محض اسی کا نام ہے کہ سانس کی آمد و شد رک جائے، حرکت قلب بند ہو جائے اور خون کی گردش تھم جائے؟ اگر آپ موت کے معنی صرف اسی قدر سمجھتے ہیں تو آپ سے اس صحبت میں گفتگو کرنا مقصود نہیں، لیکن اگر آپ موت کے یہ معنی لیتے ہیں کہ وہ آئندہ اور نہ ختم ہونے والی زندگی کا مقدمہ ہے، اور آپ کو ایک دوسرے عالم کی جانب جو اس عالم مادی سے کہیں زیادہ وسیع ہے لے جانے کا دروازہ ہے تو کیا آپ کے خیال میں اس دوسرے عالم کے متعلق تیاری کرنا مناسب اور ضروری نہیں؟ کیا اس ہمیشہ اور قائم رہنے والی دنیا میں چین سے رہنے کی بابت آپ کو کچھ ہدایتیں نہیں پہنچی ہیں؟ کیا ان ہدایتوں پر عمل کرنا یا عمل کی کوشش کرنا آپ کے خیال میں وقت ضائع کرنا ہے؟

آپ کوٹھے سے نیچے نہیں جا پڑتے اس لیے کہ سخت چوٹ لگ جانے کا یقین رکھتے ہیں؟ آگ میں ہاتھ نہیں ڈال دیتے اس لئے کہ جل جانے کا یقین رکھتے ہیں۔ دریا میں نہیں کود پڑتے اس لیے کہ ڈوب جانا یقینی سمجھتے ہیں۔ پھر یہ کیا ہو کہ جو شے ان سب سے زیادہ یقینی ہے اور جس واقعہ کے پیش آنے میں ذرا شک و شبہ نہیں، اسی کی جانب سے آپ اس قدر غافل ہیں اور اپنی غفلت پر آپ کو ندامت تک نہیں بلکہ جو لوگ یہ تذکرہ زیادہ کرتے رہتے ہیں۔ جو لوگ اس آنے والے یقینی وقت کی فکر میں زیادہ رہا کرتے ہیں انہیں آپ کم عقل، وہمی اور خبطی قرار دیتے ہیں اور شاید اس لیے ہو کہ آپ نے اپنے نزدیک جن لوگوں کو بڑا صاحبِ فہم و عقل مند و خوش نصیب ٹھہرا رکھا ہو۔ ان کی کتابوں میں، ان کی گفتگوؤں میں، ان کے دلوں میں کبھی بھولے سے بھی اس یقینی وقت کی یاد نہیں آتی اور وہ موت کے خوف کو شاید اپنی عقل، علم اور تہذیب کے منافی سمجھتے ہیں۔

ان پر جو کچھ گزرے گی وہ بہرحال انہیں جھیلنا پڑے گی۔ آپ اپنی فکر کیجئے اور اپنی حالت کو دیکھئے آپ تلاش رزق میں رات دن کیسا سر کھپاتے رہتے ہیں۔ آمدنی کے بڑھانے کی فکروں میں کس قدر مشغول رہتے ہیں۔ صحت و طاقت کی تدبیروں میں کس طرح لگے جاتے ہیں۔ سردی اور گرمی سے بچنے کے لیے مدتوں پیشتر سے کیسے کیسے سامان درست کرتے ہیں۔ اپنی نمود و ناموری کے لیے کیا کیا چالیں چلتے ہیں۔ اپنی تن پروری اور آرام دہ زندگی بسر کرنے کے لیے کیا کچھ جتن نہیں کرتے لیکن کبھی آپ یہ بھی سوچتے ہیں کہ جتنی نمازیں ناغہ ہوئی ہیں ان کا جواب دینا ہوگا؟ جتنے روزے بلاوجہ چھوٹے ہیں ان کی بابت بازپرس ہوگی؟ جن جن لوگوں کی حق تلفی کی ان کے سامنے مجرم بن کر جانا پڑے گا؟ جن امانتوں میں خیانت کی ہے ان سب کا حساب

آئندہ شمارہ میں ملاحظہ فرمایئے



Do your homework before you do any work on your home.

بدقسمتی سے، باوجودیکہ آپ نے بہت محتاط ہو کر چھان بین کیا ہو، ممکن ہو سکتا ہے کہ آپ غیر اخلاقی تجارتی ہتھکنڈوں کا شکار ہو جائیں۔

آپ کی پروونشل گورنمنٹ چاہتی ہے کہ آپ کو علم ہو کہ Consumer Protection and Business Practices Acts کے تحت آپ کے کیا حقوق ہیں۔

The Consumer Protection Act آپ کو اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ گھر میں کیے گئے ہر وہ کنٹریکٹ جس پر آپ دستخط کر چکے ہیں (جبکہ وصولی، ڈیلیوری اور کام کا مکمل ہونا باقی ہو) کمپنی کے نام ۴۸ گھنٹے کے اندر اندر یا کام کے دو مکمل دنوں میں ایک رجسٹرڈ خط بھیج کر کینسل کرا سکتے ہیں۔

The Business Practices Act اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ ایک رجسٹرڈ خط کمپنی کے نام بھیج کر آپ تجارتی معاملے کو کینسل کر سکتے ہیں اگر کمپنی کے نمائندے نے آپ کے ساتھ جھوٹ یا دھوکے سے کام لیا ہو۔

مندرجہ ذیل مفت کتابچوں کیلئے لکھیئے۔

Home Repairs, Siding, Paving, Painting and Decorating, and Insulation. write to: Consumer Skills, Ministry of Consumer and Commercial Relations, 555 Yonge Street, Toronto, Ontario M7A 2H6.

Frank Drea, Minister of Consumer and Commercial Relations
William Davis, Premier

Ontario

اس سے پہلے کہ آپ گھر کی مرمت پر کام شروع کریں، آپ کو محتاط ہو کر سوچنا چاہیئے۔ ٹھوس فیصلہ کیجیئے کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ تمام کاموں کیلئے ایک پلان مرتب کیجیئے۔ اور گرد و نواح میں کسی معتبر کنٹریکٹر کی تلاش کیجیئے جو آپ کیلئے کام کر سکے۔

چند احتیاطی تدابیر کئی تمام مسائل کو ختم کر دینگی۔

- یہ مت سوچیئے کہ آپ کا کام بھی ہونا چاہیئے کیونکہ آپ کے پڑوسی ایسا کر رہے ہیں یا اس لیئے کہ کام کا جو معاوضہ مانگا جا رہا ہے وہ بہت کم ہے۔
- اگر کام بہت ہی اہم ہے تو کسی تجربہ کار سے مشورہ کریں (مثلاً آرکیٹکٹ یا انجینئر وغیرہ)
- کام شروع کرنے سے پہلے کم از کم تین با اعتماد فرموں سے تخمینہ لے لیں۔
- جب آپ کنٹریکٹ پر دستخط کرنے کا فیصلہ کر لیں تو پہلے یہ پتہ لگا لیں کہ آپ کے کام کیلئے کونسی فرم موزوں ہے۔
- اس بات پر زور دیں کہ تخمینہ کے ساتھ تمام دوسری تفصیلات تحریر ہوں، کام کی نوعیت اور رقم، کل خرچہ، کام کے مکمل ہونے کی تاریخ اور دیگر معاوضے۔
- اگر تخمینہ کی رقم بہت زیادہ ہے تو دستخط کرنے سے پہلے کسی وکیل کو کنٹریکٹ دکھا کر مشورہ کیجیئے۔ اور ضرورت سے زیادہ پیشگی رقم ادا نہ کریں۔
- کبھی بھی کام کے مکمل ہونے کے کاغذ پر دستخط نہ کریں جب تک کہ کام مکمل نہ ہو جائے اور آپ اس کام سے مطمئن نہ ہوں۔
- کام کے مکمل ہونے پر آخری ادائیگی میں سے ۱۵ فیصد ۳۷ دن کیلئے روک لیں۔ اس طرح اگر کنٹریکٹر یا اس کے سب کنٹریکٹر سامان کی فروخت والوں کی ادائیگی نہیں کرتا تو آپ The Mechanics Lien Act کے تحت محفوظ رہیں گے۔

رئیس الاحرار مولانا محمد علی جوہر

انہوں نے غلام ملک میں مرنا بھی قبول نہ کیا

اسلام کا شیر دل سپاہی

تحریر: شفیق بریلوی



بیت المقدس میں مولانا محمد علی جوہر کا مزار

اسلام کے شیر دل سپاہی رئیس الاحرار مولانا محمد علی جوہر کی سانسوں کی گرمی، ان کے دل کی تڑپ، زمانہ کے قدموں کی دوا دوش، رفتار، بلکہ وہ خود کے شہر شہر، گلی گلی اور کوچہ کوچہ میں بھی جو اُٹھے ہیں، اور بیتک انسانیت کی ہمدردی، محبت کی گرم جوشی اور ملت کی حریت و آزادی کا جذبہ دلوں میں زندہ رہے گا، کسی نہ کسی صورت سے مولانا محمد علی جوہر کی یاد ہمیشہ تازہ رہے گی۔

مولانا محمد علی جوہر عالم بھی تھے، جید علوم پر ان کی گہری نظر تھی، وہ مورخ بھی تھے۔ اسلامی اور شیر اسلامی تاریخ پر ان کی نگاہ گہری تھی۔ وہ قرآن دان بھی تھے، اسلامی قوانین ان کے ذہن میں محفوظ تھے، وہ ادیب بھی تھے، شاعر بھی تھے، صحافی بھی تھے، وہ بہت بڑے سیاست دان اور مدبر بھی تھے۔ اسلامی تاریخ میں انہوں نے علامہ شبلی نعمانی سے استفادہ کیا اور شاعری میں فصیح الملک نواب مرزا داغ دہلوی سے شرف تلمذ پایا۔ ان کی شعر گوئی کے بارے میں خود مولانا محمد علی جوہر کا ایک دلچسپ خط ملاحظہ فرمائیے اور لطف اٹھائیے۔

[illegible]

Excellence in Photography by Sooter Studios

1292 Bloor St. W.

PHONE: 532-8650

DEVELOPING & PRINTING

12 exp. complete ... $2.99
20 exp. complete ... $4.99
24 exp. complete ... $5.99
36 exp. complete ... $8.99

PASSPORT PHOTOS
READY IN 3 MINUTES

$1 This Coupon is worth $1.00 toward your PASSPORT PHOTO — taken at Sooter Studios. Good for citizenship and I.D.'s as well. $1

MANAGER: S.M. HASAN BUKHARI

حضرت غوث الاعظم نے فرمایا:
[illegible]

دینا ہوگا۔ قوم و ملت کے خلاف جن جن کارروائیوں میں شرکت کی ہے ان کی بابت پرسش ہوگی؟ بدکاری، بدزبانی، بدگوئی، جھوٹ، رشوت سود خوری وغیرہ ہر شے کی بابت مواخذہ اور کیا سخت مواخذہ ہوگا۔ اس نازک گھڑی کو یاد رکھنے اور اس کے لیے تیار رہنے کی توفیق خدائے کریم ان سطور کے لکھنے والے اور پڑھنے والوں کو نصیب کرے۔ آمین۔



[illegible]



[illegible]



[illegible]



[illegible]

صفحہ ۸

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری - تازہ سبزیاں

ہر قسم کی کھانے پینے کی اشیا مثلاً آٹا، چاول
دالیں لذیذ اور عمدہ مصالحہ جات، تازہ سبزیاں اور
دوسرا سامان حاصل کیجئے ہے ہماری خدمات
حاصل کرکے وقت اور پیسہ بچائیے۔
بہترین اور فوری سروس و ایمانداری ہماری اہم خصوصیات ہیں

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue

Toronto, Ontario

Please Call ISMAIL At

461-2839

اس کوپن کو پیش کیجئے اور صرف 2.50 $ میں
میں اپنا ہاتھ دکھلائیے۔

پامسٹری ایک علم ہے اور فن بھی

شادی، بیاہ، بیماری، تجارت، سفر، ناکامی غرضیکہ زندگی کے تمام مسائل کا
حل آپ کے ہاتھ میں ہے۔ لیکن ہاتھ کی لکیروں کو پڑھنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں

آئیے مسز فاطمہ کو آزمائیے۔

مسز فاطمہ جو ریڈیو اور ٹی۔وی پر آچکی ہیں، اب آپ کے شہر میں آپ کے ہاتھ کی لکیروں
سے ماضی، حال اور مستقبل پر روشنی ڈالیں گی۔

MRS. FATIMA
CARD AND PALM READER

828 DANFORTH AVE., SUITE # 1 (NEAR PAPE SUBWAY)

TEL: 469-2831 فون نمبر

وائس آف پاکستان

ہیملٹن و اطراف میں رہنے والے پاکستانیوں کیلئے
دلچسپ ٹی۔ وی پروگرام

ہر اتوار کو ساڑھے تین بجے کیبل ۴ پر شمالی امریکہ
کے جانے پہچانے فنکار بشیر۔ اے۔ خان، نت نئی
دلچسپیوں کے ساتھ یہ پروگرام پیش کرتے ہیں۔

بشیر۔ اے۔ خان

ٹاپس آف دی ایسٹ

CFMU-FM 93.3

ریڈیو پروگرام

ہر سنیچر کو صبح ساڑھے آٹھ بجے بشیر۔ اے۔ خان پیش کرتے ہیں

ٹی۔ وی اور ریڈیو پروگرام کے متعلق مجھے
اپنے مشوروں سے مستفید کیجئے۔

Voice of Pakistan

P.O. Box 6212 STATION "F"

HAMILTON, ONT. L9C 5S3

یا فون کیجئے

416-561-2431 فون نمبر

تازہ پھل، تازہ سبزیاں، خشک میوہ جات
اور

تازہ مچھلیاں

دالیں، چاول اور انٹرنیشنل گراسری کیلئے اسکاربرو کی صاف ستھری
دوکان جہاں قیمتوں میں واضح فرق نظر آئے گا۔ مفت پارکنگ

فون نمبر 261-2297

کیلسن لمیٹڈ

۲۵۰۱ ایگلنٹن ایونیو ایسٹ نزد مڈلینڈ، اسکاربرو

KEALSON LTD.

2501 Eglinton Ave. E., Scarborough

National Library
Bibliothèque Nationale

FORTNIGHTLY
MESSENGER
P.O.Box 2114
Postal Station 'B'
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5
PHONE (416) 267-8006
EDITOR & PUBLISHER: SOHAIL AKHTAR

VOL: 3 | October 21 1990 | NO. 16

حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اگر تم سے کچھ اور نہ ہو سکے تو بے کس اور حاجت مند ہی کی مدد کرو (بخاری) نیز یہ بھی ارشاد فرمایا بھولے بھٹکے ہوئے کو اور کسی اندھے کو راستہ بتانا بھی صدقہ ہے (ترمذی) یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو شخص راستہ چلنے میں کوئی کانٹا راستے سے ہٹائے تو اللہ تعالیٰ اسکے کام کی قدر کرتا ہے اور اسکے گناہ معاف کرتا ہے۔ (ترمذی بحوالہ سیرۃ النبی)

از طرف ایک بندہ خدا

جس کے اعوان شیطان اور نفس دونوں جیسے ہو سکتے ہیں اس کو ہر جا لوگوں سے متعلق بدگمانی ہوتی ہے

— مولانا رومیؒ

ہوتا ہے شب و روز تماشہ مرے آگے

آئندہ شمارہ کی چند جھلکیاں

- اگر فیڈریشن کی "فے" نکال دی جائے تو ؟
- ہندوستان میں مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے اور وہاں کے شعراء ٹورانٹو میں "رت جگا" منا رہے ہیں — ایک کامیاب مشاعرہ (بلحاظ بزنس) کی روئیداد۔
- مبلغ ۵۰ ڈالر مشاعرہ کیلئے ادا کیا گیا، رقم وصول کرنے والے تھے —— ؟ لیکن رقم دینے والے کو مشاعرہ میں شرکت سے محروم کیا گیا۔ ٹورانٹو کے ایک مشہور بزنس مین کی جائز شکایت۔
- پاکستان کینیڈا کلچرل ایسوسی ایشن کا وہ پمفلٹ جو عیدالاضحیٰ کے وقت تقسیم کیا گیا — قابل توجہ ہے

فروغ اردو کیلئے پیغامبر کا مطالعہ کیجئے

پیغامبر کے خریدار بنکر اردو زبان کی [illegible] کیجئے

شرح خریداری

برائے کینیڈا اور امریکہ — سالانہ ۱۵ ڈالر

دیگر ممالک کیلئے — سالانہ ۱۸ ڈالر

خریداری کی رقم بذریعہ پوسٹل آرڈر، بینک ڈرافٹ یا منی آرڈر اس پتہ پر روانہ کیجئے

The Messenger
P.O.Box 2114
Postal Station B
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5

پیغامبر

فون نمبر 267-8006

Yes! We are FAMOUS for our service.

Yes! We are FAMOUS for our quality,

and above all

Yes! We are FAMOUS for our rates and routings.

Just One Telephone Call Will Prove This!

FLY HOME TO MEET RELATIVES
OR
HAVE THEM VISIT HERE
WE WILL HELP PLAN THE TRIP.

CALL: SABIHA KHALID
at 469-1169

CIT

Canada International Tours

1415 GERRARD STREET, TORONTO

WORLD WIDE TRAVELS

(Registered & Bonded by the Ontario Government)

LET US PLAN YOUR NEXT TRIP TO ANYWHERE IN THE WORLD